پیپلز پارٹی کی استقبالی ریلی میں خودکش بم دھماکے بزدلانہ کارروائی ہے، ایم کیو ایم بلوچستان

کوئٹہ۔۔۔20، اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کی صوبائی کمیٹی کے انچارج محمد یوسف شاہوانی، جوائنٹ انچارج کامریڈ عبدالحئی بنگلزئی اورارا کین نے کراچی میں پیپلز پارٹی کی استقبالی ریلی میں ہونے والے خودکش بم دھماکوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس گھناؤنی کارروائی کو دہشت گردوں کا بزدلانہ حربہ قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں بلوچستان کی صوبائی کمیٹی نے کہا کہ بے گناہ ومعصوم افراد کی زندگیوں سے کھیلنے والے عناصر ملک وقوم اور جمہوریت کے کھلے دشمن ہیں اوران کے خلاف تمام مصلحتوں کو بالائے طاق رکھ کر فی الفوراور سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جانی چاہئے۔انہوں نے کہا کہ بم دھماکوں کے ذریعے معصوم اور بے گناہ عوام کی زندگیوں سے کھیلنے والے سازشی عناصر اپنے انجام سے بچ نہیں سکتے اور عبرتناک انجام سے دوچار ہونگے۔انہوں نے بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورزخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

ایم کیو ایم بن قاسم سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔20، اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم بن قاسم سیکٹر یونٹ یوسی 5 شاہ لطیف ٹاؤن کے کارکن پیرزادہ عارفانی کے بھائی نواب خان عارفانی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

☆☆☆☆☆